© rasailojaraid.com

**وحدتِ انسانیت** | از جناب عنایت اللہ طور صاحب - ریٹائرڈ وارنٹ آفیسر پاک فضائیہ -

ملنے کا پتہ : ارشد گلاس سٹور، نزد شاہ دولہ گیٹ - سرکلر روڈ گجرات -

مؤلف نے دین کو ذریعۂ وحدتِ انسانیت کی حیثیت سے پیش کیا ہے - دین، بیعت آزادی و مساوات، خلافت اور دوسرے ضمنی موضوعات پر اظہارِ خیال کیا ہے - صرف ایک مقام پر کھٹک ہوئی - لکھتے ہیں:

"اللہ تعالیٰ زمین پر اپنی نمائندہ حکومت کو بیعت کے ذریعے یہ حق استعمال کرنے کا مجاز بنا دیتا ہے اور تمام انفرادی املاک پر اس کی بالادستی قائم کر دیتا ہے۔" (تاکہ وہ اجتماعی بہبود کے لیے اقدام کر سکے) دینی مآخذ یہ بتاتے ہیں کہ نصوص کو کوئی بھی خلیفۃ اللہ یا نائب توڑ نہیں سکتا - اور نصوص کے تحت جو مزید تحدیدیں ہوتی ہیں ان سے آگے بڑھنے کے لیے کچھ لازمی شرائط اور تقاضے ہوتے ہیں - کسی بھی شخص کو دینِ حق نے کامل الاختیار نہیں بنایا - مجھے امید ہے کہ یہ عبارت انہوں نے روا داری میں لکھ دی ہے - نیت درست ہی ہوگی -

---

**تفہیم القرآن علماء کی نظر میں** | از ابن عبدالشکور بنگلور - ناشر: ماہنامہ الحجاب، رامپور یوپی -

ملنے کا پتہ : اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، شاہ عالم مارکیٹ، لاہور - قیمت معلوم نہیں -

اس پمفلٹ میں بہت سے علماء اور دانشوروں کی آراء تفہیم القرآن کے متعلق جمع کی گئی ہیں -

---

**مولانا مودودی اور تفہیم القرآن** | آرا اور تبصروں کا مجموعہ - مرتبہ: ڈاکٹر محمود عمر شیخ -

ناشر: مولانا مودودی میموریل سنٹر، دہلی -

بڑے سائز پر چھپی ہوئی اس مختصر کتاب میں تفہیم القرآن اور صاحبِ تفہیم القرآن کے متعلق آراء و تاثرات کو جمع کیا گیا ہے -

---

**SOVIET MUSLIMS BRIEF** | دو ماہی رسالہ - جاری کردہ - دی اسلامک فاؤنڈیشن - ۲۲۳ لندن روڈ لائسٹر LE2 1ZE U.K. یو۔کے -

بہت مختصر سا یہ رسالہ سوویت علاقوں کے محکوم مسلمانوں کے تازہ ترین احوال و اخبار پیش کرتا ہے -

چندہ سالانہ مع صرفہ ہوائی ڈاک، انفرادی ۴ پونڈ، اداروں کے لیے ۸ پونڈ -

© rasailojaraid.com